مولانا مرحوم کے انتقال پر قائد احرار سید عطاء المہیمن بخاری اور پاکستان شریعت کونسل کے سیکرٹری جنرل مولانا زاہد الراشدی بھی تعزیت کے لئے ساہیوال تشریف لائے اور دعائے مغفرت فرمائی۔

شیخ محمد حسین صندل مرحوم

(محمد ادریس)

مجلس احرارِ اسلام سیال کوٹ کے قدیم کارکن جناب شیخ محمد حسین صندل ۱۹ رفروری ۲۰۱۲ء کو بروز اتوار بارہ بجے دن انتقال کر گئے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ نماز جنازہ مولانا حکیم عبدالواحد مدظلہٗ العالی نے رنگ پورہ میں پڑھائی، نماز جنازہ میں تمام مکاتب فکر کے علماء سماجی تنظیموں کے کارکنان اور کثیر عوام نے شرکت کی۔ مرحوم ساری زندگی مجلس احرارِ اسلام سے وابستہ رہے۔ تحریکِ کشمیر ۱۹۳۱ میں نوجوان تھے، بڑے جذبے سے تحریکِ کشمیر میں حصہ لیا۔ محلّہ رنگ پورہ سے قافلے کشمیر روانہ کرتے رہے۔ اس علاقہ کے سالار بھی تھے۔ بعدازاں خود بھی کشمیر جا کر گرفتار ہوئے اور قید و بند کی صعوبت برداشت کی۔ ۱۹۵۲ء میں قادیانیوں نے سیالکوٹ راجہ روڈ میں ایک جلسہ منعقد کرنے کا اعلان کیا۔ سالار بشیر صاحب مرحوم، حافظ محمد صادق صاحب مرحوم، خواجہ عبدالرحمٰن مرحوم، شیخ محمد حسن صندل (مرحوم) محترم شیخ جلال دین صاحب کی بروقت مداخلت سے جلسہ نہ ہوسکا۔ اور قادیانی جگہ بیچ کر چلے گئے۔ آج کل اس جگہ پر شریف میڈیکل کمپلیکس واقع ہے۔ شیخ صاحب نے تحریک تحفظِ ختم نبوّت ۱۹۵۳ء میں بھی حصہ لیا، گرفتار ہوئے، تین ماہ قید و بند کی صعوبت برداشت کی۔ ۱۹۷۴ء کی تحریک تحفظِ ختم نبوّت میں بھی حصہ لیا، شہری سیاست میں بھی شیخ صاحب حصہ لیتے رہے، بلدیہ کے الیکشن میں کامیاب ہوتے آئے، بلدیہ کے تمام الیکشن مجلس احرار کے فارم پر لڑے اور کوئی الیکشن نہیں ہارا۔ انجمن اسلامیہ کے نائب صدر بھی رہے۔ شیخ صاحب تادم آخر مجلس احرارِ اسلام کے ساتھ وابستہ رہے، عمر کے آخری حصہ میں انہوں کتاب ''پارلیمنٹ میں قادیانی مقدمہ'' سیالکوٹ سے شائع کرا کر مفت تقسیم کی۔ مجلس احرارِ اسلام کے امیر حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری، سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ، سیکرٹری نشر واشاعت میاں محمد اویس اور مرکزی نائب امیر سید محمد کفیل بخاری نے مرحوم کے پسماندگان سے اظہارِ تعزیت کیا ہے نیز مجلس احرارِ اسلام سیالکوٹ کے صدر میاں محمد اشرف، جنرل سیکرٹری قاری عبدالصبور، سیکرٹری نشر واشاعت محمد معاویہ خالد، میاں امجد حسین اور محمد ادریس نے بھی اظہارِ تعزیت کیا ہے۔ اور مرحوم کی مغفرت کے لیے دعا کی ہے۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کے حسنات قبول فرمائے اور اپنے جوارِ رحمت میں جگہ عطا فرمائے۔ پسماندگان کو صبرِ جمیل عطا فرمائے۔ آمین